
© rasailojaraid.com



# احوال و کوائف

# دار العلوم حقانیہ

شفیق فاروقی

۲۶ مارچ ۔ تبلیغی جماعت کا ایک وفد دار العلوم آکر دو تین روز تک مسجد دار العلوم میں مقیم رہا ۔ وفد میں سعودی عرب، یمن اور امریکہ وغیرہ کے افراد شریک تھے ، اس دوران انہیں اساتذہ دار العلوم سے ملاقات کی غرض سے اساتذہ دار العلوم سمیت دار الحدیث میں ایک ظہرانہ بھی دیا گیا ، علماء و اساتذہ سے باہمی تعارف پر وفد نہایت مسرور ہوا ۔

۲۷ مارچ ۔ حکومت سرحد کے چیف سیکرٹری جناب اجلال حیدر زیدی صاحب حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی زیارت اور عیادت کیلئے دار العلوم تشریف لائے اور دفتر اہتمام میں دیر تک ان کے ساتھ رہے ۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے آپ کو دار العلوم کا سرسری معائنہ کرایا ، صوبہ سرحد کے مشیر اطلاعات جناب شیر محمد خان صاحب بھی آپ کے ہمراہ تھے ۔ چیف سیکرٹری صاحب نے مہمانوں کی کتاب میں لکھا کہ : " آج بہت عرصہ کے بعد مولانا عبد الحق صاحب سے ملاقات ہوئی ، دار العلوم حسب سابق ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور یہ مولانا عبد الحق صاحب کی قیادت کا کمال ہے ۔" مشیر اطلاعات صاحب نے لکھا کہ " دار العلوم دین کا ایک مینار ہے جس کی روشنی دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچ رہی ہے ۔"

۲ اپریل ۔ مجلس شوریٰ دار العلوم حقانیہ کی ذیلی کمیٹی برائے مشاہرات کی میٹنگ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی صدارت میں ہوئی جس میں مولانا قاری محمد امین ، قاری سعید الرحمان صاحب راولپنڈی ، مولانا ولایت شاہ کاکاخیل حکمت آباد ، مولانا سمیع الحق صاحب اور مولانا سلطان محمود صاحب ناظم نے شرکت کی ۔ کمیٹی نے اساتذہ دار العلوم و تعلیم القرآن و دیگر عملہ کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ۔

۳ اپریل ۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ آنکھوں اور امراض قلب کے معائنہ کے لئے راولپنڈی تشریف لے گئے جہاں بریگیڈیر پیرزادہ صاحب آئی سپیشلسٹ اور جناب کرنل ذوالفقار صاحب ماہر امراض قلب نے تفصیلی معائنہ کیا ۔

۵ اپریل ۔ دار العلوم میں مولانا پیر مبارک شاہ صاحب مردان ، مولانا فضل احمد صاحب دار العلوم اسلامیہ لکی مروت ، مولانا محمد یعقوب صاحب سابق ایم ۔ پی ۔ اے (جمعیۃ العلماء اسلام) کی وفات پر اظہار تعزیت اور ختم کلام پاک کے بعد ایصال ثواب کیا ۔

۱۵ اپریل ۔ دار العلوم کے ششماہی تحریری و تقریری امتحانات شروع ہوئے جو ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے ۔

© rasailojaraid.com